**01.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................کلیم احمد

**Music**

---

☆ امریکہ اور اسرائیل کے فضائی حملوں میں ایران کے رہبرِ اعلیٰ آیت اللہ علی خامنہ ای، اُس کے وزیرِ دفاع اور فوج کے سربراہ مارے گئے ہیں۔ ایران نے خلیجی ملکوں میں حملے کرتے ہوئے جوابی کارروائی کی ہے۔

☆ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ایران کو خبردار کیا ہے کہ اگر وہ حملے کرتا رہا تو اُس پر اور زیادہ شدید وار کیا جائے گا۔

☆ بھارت نے مذاکرات اور ڈپلومیسی کے ذریعے کشیدگی کم کرنے پر زور دیا ہے۔

☆ پاکستان نے افغانستان کی راجدھانی کابل پر فضائی حملے کئے ہیں۔

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے پدوچیری میں 2 ہزار 700 کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور کہا کہ سرکار پدوچیری کو نئی بلندیوں پر لے جارہی ہے۔

☆ ناگپور میں ایک فیکٹری میں زبردست دھماکہ ہونے سے 17 افراد کی موت ہوگئی۔ وزیرِ اعظم نے لوگوں کی جان ضائع ہونے پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔

☆ اور مردوں کے ICC ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں، آج شام کولکاتہ کے Eden Gardens میں بھارت Super Eight کے آخری میچ میں ویسٹ انڈیز کا سامنا کرے گا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Iran Defence**

ایران کی دفاعی کونسل کی میٹنگ کو نشانہ بناکر کئے گئے فضائی حملے میں ایران کے فوج کے سربراہ اور وزیرِ دفاع مارے گئے ہیں۔ ایران کے سرکاری ٹیلی ویژن نے یہ اطلاع دی ہے۔

بتایا گیا ہے کہ جنرل عبدالرحیم موسوی اور وزیرِ دفاع جنرل عزیز نصیر زادے کی موت ہوگئی ہے۔ اِس میٹنگ میں موجود ایران کے پاسدارانِ انقلاب کے سربراہ اور سکیورٹی مشیر علی شمخانی بھی مارے گئے ہیں۔ ایران کے سرکاری میڈیا نے فوجی لیڈروں کی اموات ہونے کی خبر دی ہے۔ x

**Trump Warn Iran**

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ایران کو تنبیہہ کی ہے کہ امریکہ اُس پر اور بھی زیادہ شدید حملہ کرے گا۔ Truth Social پر ایک پوسٹ میں صدر ٹرمپ نے تحریر کیا ہے کہ ایران نے یہ کہا ہے کہ وہ آج پہلے سے کہیں زیادہ بہت بڑا حملہ کرنے والا ہے۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ بہتر ہوگا کہ وہ ایسا نہ کرے لیکن اگر وہ ایسا کرتا ہے تو امریکہ بڑی قوت کے ساتھ اُس پر وار کرے گا، جو اِس سے پہلے کبھی نہیں دیکھا گیا۔

ٹرمپ کے اِس بیان سے قبل ایران نے یہ عہد کیا تھا کہ وہ اپنے رہبرِ اعلیٰ آیت اللہ خامنہ ای کی ہلاکت کا انتقام لے گا اور اُس نے امریکہ اور اسرائیل پر پھر سے حملے شروع کردیئے ہیں۔ x

**Trump Iran**

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے رہبرِ اعلیٰ آیت اللہ علی خامنہ ای کی ہلاکت، ایران کے عوام اور سبھی عظیم امریکیوں کیلئے انصاف کے مترادف ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے عوام کیلئے اپنے ملک کو پھر سے اپنے ہاتھ میں واپس لینے کا یہ واحد سب سے بڑا موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے پاسدارانِ انقلابِ اسلامی IRGC، فوج اور دیگر سکیورٹی اور پولیس فورسز کے بیشتر اہلکار اب اور لڑنا نہیں چاہتے اور وہ اس سے باہر نکلنے کے خواہشمند ہیں۔ صدر ٹرمپ نے یہ امید ظاہر کی کہ IRGC اور پولیس، ایران کے محبِّ وطن افراد کے ساتھ پُرامن طریقے سے مل جائیں گے اور ملک کی وہی عظمت بحال کرنے کی خاطر متحد ہوکر کام کریں گے، جس کا وہ مستحق ہے۔ x

**Khamenei Mourn**

ایران میں ہزاروں لوگ رہبرِ اعلیٰ آیت اللہ علی خامنہ ای کے سوگ میں تہران، اسفہان اور مَشہد میں جمع ہوئے، جو کل امریکہ اور اسرائیل کے فضائی حملوں میں مارے گئے ہیں۔ اُن کی موت کو سرکاری میڈیا میں ایک سرپرست کی شہادت کے طور پر پیش کیا جارہا ہے اور اُن کی موت کو شکست کی بجائے ملک کے اقتدارِ اعلیٰ کیلئے حتمی قربانی بتایا جارہا ہے۔ x

**Jaishankar Gulf FMs**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے خطّے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیش نظر کل کئی خلیجی ملکوں کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ بات کی، جس میں مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعے کشیدگی کو کم کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔

ڈاکٹر ایس جے شنکر نے متحدہ عرب امارات کے وزیر خارجہ شیخ عبداللہ بن زائد النہیان کے ساتھ خلیج کی صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا۔

ڈاکٹر جے شنکر نے خلیج کی موجودہ صورتحال کے بارے میں سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرہان کے ساتھ بھی گفتگو کی۔

وزیر خارجہ نے کل شام قطر کے وزیر اعظم اور وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمٰن بن جسیم الثانی سے بھی بات چیت کی۔

ڈاکٹر جے شنکر نے خطّے کی صورتحال کے بارے میں بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی کے ساتھ بھی تبادلۂ خیال کیا گیا۔

اِس کے علاوہ، وزیر خارجہ نے کویت کے اپنے ہم منصب Sheikh Jarrah Jaber Al-Ahmad Al-Sabah کے ساتھ بھی تبادلۂ خیال کیا۔×

**UNSC Meeting**

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گُتریس نے ایران پر امریکی-اسرائیلی ہوائی حملوں کی مذمت کی ہے اور فوری طور پر مذاکرات کی اپیل کی ہے تاکہ خطّے اور دنیا کو ایک بڑی جنگ کے دہانے سے نکالا جا سکے۔ جناب گُتریس نے کہا کہ امریکہ اور اسرائیل نے ہوائی حملے کرکے، یو این چارٹر سمیت بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کی ہے۔ انہوں نے ایران کے جوابی حملوں کی بھی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ انہوں نے بحرین، عراق، اردن، کویت، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے اقتدار اعلیٰ اور علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی کی ہے۔×

**Indian Embassies Advisories**

مغربی ایشیا میں بھارتی سفارتخانوں نے، اپنے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے فضائی حملوں کی وجہ سے پیدا موجودہ صورتحال کے مدنظر جاری کی گئی ایڈوائزری پر عمل کریں۔ اِن سفارتخانوں نے بھارتی شہریوں کو یہ صلاح بھی دی ہے کہ وہ انتہائی احتیاط سے کام لیں، سرکاری ایڈوائزری پر کاربند رہیں اور غیرضروری نقل و حرکت سے گریز کریں۔

بھارتی سفارتخانوں نے ایمرجنسی حالات کے دوران بروقت امداد میں سہولت کی خاطر دن رات کام کرنے والے ہیلپ لائن نمبرس اور eMail IDs بھی جاری کئے ہیں۔

ایمرجنسی کی صورت میں اسرائیل میں اِن ہیلپ لائن نمبرس پر سفارتخانے سے رجوع کیا جاسکتا ہے:

پلس نو سات دو - پانچ چار - سات پانچ دو صفر سات ایک ایک

دوسرا نمبر ہے:

پلس نو سات دو - پانچ چار - دو چار دو آٹھ تین سات آٹھ

تہران میں بھی بھارتی سفارتخانے نے ایمرجنسی رابطہ نمبر جاری کئے ہیں، جو اِس طرح ہیں:

پلس نو آٹھ نو - ایک دو آٹھ - ایک صفر نو ایک ایک پانچ

دوسرا نمبر ہے:

پلس نو آٹھ نو - ایک دو آٹھ - ایک صفر نو ایک صفر نو

ایک اور نمبر ہے:

پلس نو آٹھ نو - ایک دو آٹھ - ایک صفر نو ایک صفر دو

ایک اور نمبر نوٹ کرلیجیے،
پلس نو آٹھ نو - نو تین دو - ایک سات نو تین پانچ نو

ابوظہبی میں بھارتی سفارتخانے کا ٹول فری نمبر ہے:
آٹھ صفر صفر - چار چھ تین چار دو
WhatsApp نمبر ہے:
پلس نو سات ایک - پانچ چار تین - صفر نو صفر پانچ سات ایک۔

ریاض میں بھارتی سفارتخانے نے بھی دن رات کام کرنے والے ایمرجنسی ہیلپ لائن نمبر جاری کئے ہیں، جو اِس طرح ہیں:
صفر صفر - نو چھ چھ - ایک ایک - چار آٹھ آٹھ چار چھ نو سات

WhatsApp نمبر ہے،
صفر صفر - نو چھ چھ - پانچ چار دو ایک دو چھ سات چار آٹھ۔
اِس کے علاوہ، ٹول فری نمبر ہے:
آٹھ صفر صفر - دو چار سات - ایک دو تین چار۔

**MEA Advisory**

وزارتِ خارجہ نے بھارت میں موجود اُن سبھی غیرملکی افراد کیلئے ایڈوائزری جاری کی ہے، جنہیں مغربی ایشیا کے موجودہ حالات و واقعات کی وجہ سے اپنے ویزا کی مدت میں توسیع یا اپنے قیام کو باضابطہ بنانے کی خاطر مدد کی ضرورت ہے۔ وزارت نے اپنی ایڈوائزری میں کہا ہے کہ اِس سلسلے میں غیرملکی افراد اپنے قریب کے غیرملکیوں سے متعلق علاقائی رجسٹریشن دفتر سے رجوع کرسکتے ہیں۔ اُس نے کہا ہے کہ متعلقہ رجسٹریشن دفتر ضروری کارروائی کیلئے اُن کی مدد کریں گے۔ ضرورت مند غیرملکی شہری، غیر ملکیوں سے متعلق علاقائی رجسٹریشن دفتر سے اُس کی ویب سائٹ http://boi.gov.in/ پر رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔x

**China Call for Ceasefire**

چین نے ایران پر امریکی اور اسرائیلی حملوں کے بعد فوری جنگ بندی کی اپیل کی ہے۔ چین کی وزارت خارجہ نے اِن حملوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور سبھی فریقوں سے کشیدگی کم کرنے اور مذاکرات پھر سے شروع کرنے کی اپیل کی ہے۔ ایک بیان میں وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ایران کے اقتدارِ اعلیٰ، سلامتی اور علاقائی سالمیت کا احترام کیا جانا چاہیے۔ چین کی سرکاری نیوز ایجنسی نے امریکہ کی جانب سے کی گئی فوجی کارروائی کو اقوام متحدہ کے چارٹر کے مقاصد اور اصولوں کی واضح خلاف

ورزی اور بین الاقوامی تعلقات کے بنیادی ضابطوں سے انحراف قرار دیا ہے۔×

**PM Puducherry**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج پدوچیری میں 2 ہزار 700 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کو ملک کے نام وقف کیا اور سنگِ بنیاد رکھا۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، وزیرِ اعظم نے کہا کہ ڈبل انجن سرکار سے مرکز کے زیرِ انتظام علاقے کی ترقی کو نئی رفتار ملے گی۔

**SB - 1400 - PM on BEST Pudduchery**

جناب مودی نے یہ اعتماد ظاہر کیا کہ پدوچیری ایک طبی سیاحتی مرکز کے طور پر ابھرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

**SB - 1400 - PM on Medical Tourism**

**PM Visit Chennai**

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج تمل ناڈو میں چار ہزار 400 کروڑ روپے مالیت کے مختلف پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور ملک کے نام وقف کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

**VC - Padmanabhan**

*مندروں کا شہر مدورئی، وزیرِاعظم کے استقبال کیلیے سج دھج کر پوری طرح تیار ہے۔ شہر میں اور اِس کے اطراف سکیورٹی سخت کردی گئی ہے۔ وزیرِاعظم، قومی شاہراہ کے Mara-kanam پدوچیری سیکشن اور راما ناتھ پورم سیکشن کو چار لین کا بنانے کیلیے سنگِ بنیاد رکھیں گے۔*

*وزیرِاعظم، Manaparai، Tiruvarur، Pollachi اور Karaikudi سمیت 8 امرت بھارت اسٹیشنوں کا افتتاح کریں گے۔ وہ چنئی بیچ اور Egmore کے درمیان، چوتھی لائن کو قوم کے نام وقف کریں گے۔*

*جناب مودی اُس کے بعد، Tiruparan-kundaram مندر میں پوجا ارچنا کریں گے۔*

*اُس کے بعد، وہ مدورئی میں NDA کی ایک ریلی میں عوام سے خطاب کریں گے۔*

*NDA کے اتحادی ساجھیدار لیڈرس اور مرکزی وزراء، اِس عوامی جلسے میں شرکت کریں گے۔*

*چنئی سے کے دیوی پدمانابھن کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں............*

**India Milk Production**

بھارت دودھ کی پیداوار کے لحاظ سے عالمی سطح پر اوّل مقام پر برقرار ہے اور عالمی سطح پر دودھ کی مجموعی پیداوار میں بھارت کا حصہ تقریباً 25 فیصد ہے۔ گذشتہ دہائی کے دوران مذکورہ شعبے نے تقریباً چھ فیصد کی شرح ترقی کے ساتھ سالانہ ترقی ریکارڈ کی ہے۔ 2014-15 میں دودھ کی پیداوار 14 کروڑ 60 لاکھ ٹن تھی، جو 2024-25 میں بڑھ کر 24 کروڑ 70 لاکھ

ٹن سے زیادہ ہوگئی، جس سے 69 اعشاریہ چار فیصد کے اضافے کی عکاسی ہوتی ہے۔ x

## MOCA Flights Cancelled

شہری ہوابازی کی وزارت نے اعلان کیا ہے کہ ایران اور اسرائیل کے درمیان بڑھتی کشیدگی کے مدِّنظر آج 444 پروازیں منسوخ کی جا سکتی ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر، وزارت نے بتایا کہ شہری ہوابازی کا ڈائریکٹوریٹ جنرل، مسافروں کی سلامتی اور پروازیں چلانے سے متعلق ضوابط پر عمل درآمد کیلئے ایئرلائنس کے ساتھ قریبی تال میل سے کام کررہا ہے۔x

## Kabul Pak

پاکستان نے آج صبح افغانستان کی راجدھانی کابل پر حملہ کیا۔ یہ حملہ مقامی وقت کے مطابق صبح پانچ بجکر 40 منٹ کے آس پاس کیا گیا۔ اِس کے بعد کئی دھماکے ہوئے اور افغانستان کی فضائی - دفاعی فورسز نے جوابی فائرنگ کی۔ یہ فضائی حملے تقریباً 20 منٹ تک جاری رہے۔

افغان حکام نے پاکستان پر کئی حملوں میں عام شہریوں کو ہلاک کرنے کا الزام لگایا ہے۔ البتہ پاکستان نے اِس پر ابھی تک کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے۔ x

## Nagpur Explosion

مہاراشٹر میں ناگپور کے Raoulgaon میں ایک فیکٹری میں زبردست دھماکہ ہونے سے 17 افراد کی موت ہوگئی۔ مہاراشٹر کے وزیرِ اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے سوشل میڈیا پر یہ جانکاری دی ہے۔ 18 کارکن زخمی بھی ہوئے ہیں۔ دھماکے کے بعد وہاں آگ لگ گئی۔ بچاؤ اور امدادی کارروائی زور و شور سے جاری ہے۔ NDRF اور SDRF کی ٹیمیں وہاں پہنچ گئی ہیں۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اِس واقعے پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ جناب مودی نے مرنے والوں کے کنبوں سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے، زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعاء کی ہے۔x

## ICC T20 World Cup

ICC ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں، آج شام کولکاتہ کے Eden Gardens میں بھارت Super Eight کے اپنے آخری میچ میں ویسٹ انڈیز کا سامنا کرے گا۔ یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔ اِس میچ میں جیتنے والی ٹیم سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کرے گی۔

اِس سے قبل Super Eight کے ایک اور میچ میں آج سہ پہر تین بجے نئی دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ اور زمبابوے کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆